E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED

روزنامہ
شمال
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577

جلد نمبر 37 | جمعۃ المبارک 26 ذوالحجہ 1447ھ 12 جون 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 97

ایبٹ آباد تربہ بالا میں لیز مافیا کی غیر قانونی اور جان لیوا مائنگ

اہلیان گاؤں سراپا احتجاج، گاؤں کے بچے سڑک پر پھولوں کی پتیاں بچھا کر ضلعی افسران کی رہ دیکھنے لگے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد شہر کے قریب ہی واقعہ گاؤں تربہ بالا میں لیز مافیا کے خلاف اہلیان نے دلچسپ انداز میں احتجاجی مظاہرہ کیا جنہوں نے لیز مافیا اور ضلعی انتظامیہ کی ناکامی بابت پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جبکہ لیز مافیا کے خلاف کوئی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

ایبٹ آباد میں گٹکا اور نشہ آور اشیاء کی کھلے عام فروخت

ایم گٹکا ون ٹو ون اور دیگر مضر صحت ونشہ آور اشیا کی فروخت تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے۔ یہ مصنوعات نہ صرف نوجوان نسل بلکہ کم عمر بچوں تک بھی آسانی سے پہنچ رہی ہیں، نوٹس لینے کا مطالبہ

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایبٹ آباد میں گٹکا اور مضر صحت نشہ آور اشیا کی کھلے عام فروخت انتظامیہ فوری نوٹس لے تفصیلات کے مطابق اور اس کے گردونواح میں جے ایم گٹکا ون ٹو ون اور دیگر مضر صحت ونشہ آور اشیا کی فروخت تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے۔ یہ مصنوعات نہ صرف نوجوان نسل بلکہ کم عمر بچوں تک بھی آسانی سے پہنچ رہی ہیں، جس سے ان کی صحت تعلیم اور مستقبل شدید خطرات سے دوچار ہو رہے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ متعدد دکانوں پر یہ اشیا کھلے عام فروخت کی جا رہی ہیں جبکہ متعلقہ اداروں کی جانب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

تناول کی ترجمانی کرنا میرا فرض ہے، ایم پی اے زاہد چن زیب

اکرام اللہ غازی اپنے حلقہ کی عوام اسی طرح میں بھی حلقہ تناول کی ترجمانی کا حق رکھتا ہوں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تناول کی ترجمانی کرنا میرا فرض ہے ضلع تناول کے حوالہ سے وضاحت ضروری تھی تناول ضلع کا قیام ضروری ہے، ایم پی اے زاہد چن زیب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ترہانہ بالا میں لیز مافیا کی غیر قانونی بلاسٹنگ اور جان لیوا مائنگ کیخلاف بچے و بزرگ احتجاج کرتے ہوئے

ہزارہ سمیت صوبہ بھر کو گندم فراہمی کا فیصلہ

وزیراعظم کی جانب سے وزارت فوڈ سیکیورٹی کو پاسکو کے ذریعے ہزارہ ڈویژن سمیت خیبر پختونخوا کو گندم سپلائی کے احکامات جاری کردیئے گئے، یہ اقدام غذائی تحفظ اور عوامی ریلیف کیلئے عملی قدم ہے

ایبٹ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزارت فوڈ سیکیورٹی نے ہزارہ سمیت خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعظم کی جانب سے وزارت فوڈ سیکیورٹی کو پاسکو کے ذریعے ہزارہ ڈویژن سمیت خیبر پختونخوا کو گندم سپلائی کے احکامات جاری کردیئے گئے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کے اس اقدام کا مقصد ہزارہ اور خیبر پختونخوا کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

کمشنر ہزارہ فیاض علی شاہ ضلع ایبٹ آباد میں یتیم اور مستحق بچیوں میں جہیز فنڈز کے چیکس تقسیم کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا میں گرمیوں کی چھٹیوں کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

میدانی علاقوں میں تمام تعلیمی ادارے 15 جون سے 31 اگست تک بند رہیں گے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) خیبر پختونخوا میں گرمیوں کی چھٹیوں کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری خیبر پختونخوا کے محکمہ اعلیٰ و ثانوی تعلیم نے صوبے بھر کے سرکاری و نجی کالجوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

وفاقی حکومت کی جانب سے مالی سال کا بجٹ آج پیش ہوگا

ٹیکس کی شرح میں کمی مد میں 50 ارب روپے تک کا ریلیف دیئے جانے کا امکان ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال 27-2026 کیلئے 17.5 ٹریلین روپے سے زائد حجم کا وفاقی بجٹ آج پیش کیا جائے گا، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

تھانہ پارس حدود بھونجہ فرید میں حوا کی بیٹی کے سر سے چھت چھین لی گئی

تھانہ پارس پولیس پر قبضہ مافیا گروہ کے سربراہ ساجد سے تعلقات و پشت پناہی کا الزام، حوا کی بیٹی کا قبضہ واگزار کرانے اور حصول انصاف کا مطالبہ

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) تھانہ پارس حدود بھونجہ فرید میں حوا کی بیٹی کے سر سے چھت چھین لی گئی تھانہ پارس پولیس پر قبضہ مافیا گروہ کے سربراہ ساجد سے تعلقات و پشت پناہی کا الزام۔ حوا کی بیٹی کا قبضہ واگزار کرانے سمیت قبضہ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی و حصول انصاف کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مانسہرہ تھانہ پارس حدود بھنجہ فرید آباد تحصیل بالاکوٹ کی رہائشی مسما) س (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

زوہیب خان اور محمد اشرف جنگل میں لگی آگ بجھانے کی کوشش کرتے رہے

پھلڑہ (جنرل رپورٹر) ڈاڈر سم الٰہی منگ کریانی کے جنگلات میں ایس ڈی ایف زوہیب خان اور محکمہ وائلڈ لائف کے اہلکار محمد اشرف رات گئے جنگل میں لگی آگ کو بجھانے کی کوشش کرتے رہے زوہیب خان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

بارشوں کی پیش گوئی، ہزارہ کے تمام اضلاع میں الرٹ جاری

ہزارہ ڈویژن کے بالائی وزیریں علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش وژالہ باری کا امکان ہے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا کی جانب سے صوبے میں 13 جون تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر ہزارہ ڈویژن کے تمام اضلاع میں الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق ہزارہ ڈویژن کے اضلاع ایبٹ آباد، مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان (بالائی وزیریں) اور تورغر میں وقفے وقفے سے بارش اور بعض مقامات پر ژالہ باری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

ایبٹ آباد تحریک انصاف میں پھوٹ

علی اصغر خان اور مشتاق غنی آمنے سامنے

مشتاق احمد غنی کی چار سال سے قید بانی کی رہائی کے لئے محبت جاگنے پر سب ششدر رہ گئے عمران خان ہومیو پیتھک احتجاج سے باہر نہیں آئیں گے وزیراعلیٰ اور پارٹی اس کے لئے کوئی لائحہ عمل طے کرے

ایبٹ آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور سابق سپیکر مشتاق احمد غنی آمنے سامنے۔ علی اصغر خان کے خط کا جواب سوشل میڈیا پر تند و تیز الفاظ سے دیکر جلتی پر تیل کا کام کر دیا۔ جنرل الیکشن کے بعد سپیکر شپ جانے اور کابینہ میں نہ لینے پر ایم پی اے مشتاق احمد غنی پچھلے دو سالوں سے پارٹی قائدین سے ناراض اور دور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

جماعت اسلامی ہزارہ کی سیاسی امور کمیٹی کا اہم اجلاس

صدارت جماعت مرکزی نائب امیر اور صدر پارلیمانی و سیاسی امور کمیٹی لیاقت بلوچ نے کی

ایبٹ آباد (شمال نیوز) جماعت اسلامی ہزارہ کی سیاسی امور کمیٹی کا اہم اجلاس صوبائی ہیڈکوارٹر مقدس ٹاؤن ایبٹ آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

بزمِ علم وفن ایبٹ آباد کے زیر اہتمام ادبی و شعری نشست کا انعقاد

تقریب میں شہر بھر سے شعرا، ادبا، اساتذہ، طلبہ اور ادب دوست شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) بزم علم وفن ایبٹ آباد کے زیر اہتمام ماڈرن ایچ پبلک سکول اینڈ کالج بوائز کیمپس میں ممتاز شاعر خاور احمد کے اعزاز میں خاور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ضلعی زکوٰۃ دفتر ایبٹ آباد کے زیر اہتمام 15 یتیم بچیوں میں چیکس تقسیم

یتیم بچیوں کی کفالت اور معاونت حکومت خیبر پختونخوا کی اولین ترجیح ہے، کمشنر ہزارہ

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) کمشنر ہزارہ ڈویژن فیاض علی شاہ نے کہا ہے کہ ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے اور ماں اپنے بچوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتی۔ یتیم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ملک وقوم کے لیے جانیں قربان کرنے والے سپوت ہمارا فخر ہیں

حاجی زرخان جدون کا مظفر آباد ہیلی کاپٹر حادثہ میں جوانوں کی شہادت پر دکھ کا اظہار

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حویلیاں کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت حاجی زرخان جدون آف بستی بلند خان نے کہا کہ مظفر آباد ہیلی کاپٹر حادثہ، پاک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

اے اے سی ٹو جنید جمشید نے بی ایچ یو بابا نڈی کا دورہ کیا

مانسہرہ (چیف رپورٹر) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر بٹگرام محمد شعیب ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں

گیارہ سے تیرہ جون تک گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق، 11 (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

اوگی، جمعیت علما اسلام کی مجلسِ شوریٰ کا اجلاس ہوا

منشیات کے خلاف مہم، بلدیاتی انتخابات اور شیخ ادریس شہید ریفرنس پر غور کیا گیا

اوگی (نامہ نگار) جمعیت علما اسلام کی مجلسِ شوریٰ کا اجلاس، منشیات کے خلاف مہم، بلدیاتی انتخابات اور شیخ ادریس شہید ریفرنس پر غور اوگی کی مجلسِ شوریٰ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

پٹرولیم مصنوعات سستی گلیات روٹ پر کرایوں میں کمی نہ آسکی

بدستور من مانے اور زائد کرایے وصول کرنا شروع کر رکھے ہیں، جس پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش اور غم وغصہ پایا جاتا ہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) پٹرولیم مصنوعات سستی، مگر گلیات روٹس پر کرایے برقرار؛ ٹرانسپورٹرز کے خلاف عوامی احتجاج پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ 34 روپے فی لیٹر کمی کے باوجود گلیات اور ملحقہ علاقوں کے مختلف روٹس پر چلنے والے ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی کرنے کے بجائے مسافروں سے بدستور من مانے اور زائد کرایے وصول کرنا شروع کر رکھے ہیں، جس پر عوامی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ

عاشق اعوان کی سربراہی میں صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات سے ملاقات کی

ہری پور (ملک سجاد اعوان) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ، صنعت کاروں سے ملاقات۔ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ کیا جہاں چیئرمین حطار انڈسٹریل اسٹیٹ عاشق اعوان کی سربراہی میں صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران حطار میں پولیس سہولت مرکز کے قیام، اس کی اہمیت اور صنعت کاروں و مقامی آبادی کو فراہم کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

گورنمنٹ پرائمری سکول کاہل پائیں سے سولر سسٹم چوری

تمام سرکاری اداروں میں کروڑوں روپے کے سولر سسٹم نصب ہیں جن کی سکیورٹی سسٹم نہ ہونے سے چوری ہونے کا اندیشہ ہے

ہری پور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ پرائمری سکول کاہل پائیں ضلع ہری پور میں نامعلوم چوروں نے لاکھوں روپے کی تھیم بیٹری، انورٹر، مصدقہ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ پرائمری سکول کاہل پائیں میں چوری کی دلیرانہ واردات، لاکھوں روپے کا سولر سسٹم چوری، دیگر سامان چوری کر لیا ہے، ادھر محکمہ تعلیم نے اس چوری کی دلیرانہ واردات پر ابھی تک پردہ ڈالا ہوا ہے، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

ٹی ایم او کا نیو سبزی منڈی کلگان موڑ مانسہرہ کا سرپرائز وزٹ

فراست خان نے کاروبار شخصیت راجہ محمد نثار اور صدر قاری محمد ریاض سے ملاقات کی

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) ٹی ایم او مانسہرہ فراست خان کا نیو سبزی منڈی کلگان موڑ مانسہرہ کا سرپرائز وزٹ سبزی منڈی کے مشہور کاروباری شخصیت راجہ محمد نثار اور سبزی منڈی یونین صدر قاری محمد ریاض سے ملاقات کی مختلف امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے ٹی ایم او نے کہا کہ ہمارا ملک ٹیکس کے نظام سے چلتا ہے اسی سے ہماری تنخواہیں ترقیاتی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے ہیں ہم سب کو ٹیکس کے دائرے میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کا ٹریفک سرکل بازار کا دورہ

دورے کے دوران بازار میں ٹریفک کی مجموعی صورتحال اور اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کا ٹریفک سرکل بازار کا دورہ ایس پی ٹریفک مانسہرہ زیب خان نے ٹریفک سرکل بازار کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران بازار میں ٹریفک کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ڈیوٹی پر تعینات ٹریفک اہلکاروں کی کارکردگی کو چیک کیا گیا۔ اس موقع پر ٹریفک اسٹاف کو ہدایات جاری کی گئیں کہ ٹریفک کی روانی کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور شہریوں کو بہترین سفری سہولیات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

محمد اظہر خان کی زیرِ صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس میں کمیٹی اراکین، علماء کرام کی بھرپور شرکت

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کی زیرِ صدارت محرم الحرام کے حوالے سے ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ محمد اظہر خان کی زیرِ صدارت محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، بین المسالک ہم آہنگی اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن کمیٹی کے اراکین، علما کرام اور پولیس افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر محرم الحرام کے دوران مجالس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

پولیس افسران و جوانوں کے لئے انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری

آئی جی کے پی کے کی ہدایات پر شہدا پیکیج میں نمایاں اور تاریخی اضافہ کیا گیا ہے

شنکیاری (عطا اللہ جان یوسفزئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی خصوصی دلچسپی کی بدولت پولیس فورس کی فلاح و بہبود، معیارِ زندگی کی بلندی اور افسران و اہلکاروں کا مورال بلند کرنے کے لیے صوبائی سطح پر انتہائی اہم اور انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ سنٹرل پولیس آفس پشاور ترجمان کے مطابق فورس کے جوانوں کی فلاح و بہبود کو سنگلے کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے آئی جی خیبر پختونخوا کی ہدایت پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

ٹی ایم او اور فراست خان کلگان موڑ سبزی منڈی کے آڑھتیوں سے ملاقات کرتے ہوئے

مانسہرہ، نان کسٹم پیڈ سگریٹس کے خلاف بڑی کاروائی، بھاری مقدار ضبط

غیر قانونی سگریٹس کی فروخت قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ قوانین کی بھی خلاف ورزی ہے، ضلعی انتظامیہ مانسہرہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ سگریٹس کے خلاف کارروائی، بڑی مقدار میں سگریٹس ضبط کر لیں، تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں عادل بہزاد کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر II- مانسہرہ جنید جمشید نے محکمہ ایکسائز کے نمائندوں کے ہمراہ مانسہرہ بازار میں غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ سگریٹس کی فروخت کے خلاف مشترکہ کارروائی کی کارروائی کے دوران مختلف دکانوں کی تلاشی لی گئی اور بڑی مقدار میں غیر قانونی و نان کسٹم پیڈ سگریٹس برآمد کر کے قبضے میں لے لیے گئے۔ حکام کے مطابق غیر قانونی سگریٹس کی فروخت قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ قوانین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

ٹرانسپورٹرز کی من مانیاں جاری، سٹاپ ٹو سٹاپ 50 روپے کرایہ مقرر

پھلڑہ (جنرل رپورٹر) محکمہ آر ٹی اے کی غفلت اور لاپرواہی ضلع مانسہرہ کے تمام روٹس پر ٹرانسپورٹروں کی من مانیاں کرایوں میں ظالمانہ اضافہ کر دیا گیا ہے سٹاپ ٹو سٹاپ پچاس روپے کرایہ مقرر کر دیا گیا ہے اسی طرح مانسہرہ سے شنکیاری سو روپے کرایہ وصول کیا جا رہا ہے شنکیاری سے ڈاڈر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

ہر تنقید برائے اصلاح کا قائل ہوں، ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ

کوئی بھی کوتاہی سامنے آنے پر میڈیا تنقید پر کبھی بھی ناراضگی نہیں کرتا، مدثر ضیاء

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ہر تنقید برائے اصلاح کا قائل ہوں ہماری کسی کوتاہی کے سامنے آنے پر میڈیا تنقید پر کبھی بھی ناراضگی نہیں کرتا، ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیاء نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اور میڈیا کا جولی دامن کا ساتھ ہے ہر مثبت تنقید کو خندہ پیشانی سے قبول کرتا ہوں اور ہر تنقید برائے اصلاح کا قائل ہوں اسی طرح امن امان کے حوالہ سے میڈیا کا اہم کردار ہوتا ہے جو لوگ بھی امن امان کے قیام میں اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں ان کی دل سے قدر کرتا ہوں عوام کے جان کا تحفظ ہمارا فرض ہے اور اس حوالہ سے تھانہ پھلڑہ اور لساں نواب پولیس کو واضح احکامات دے رکھے ہیں کہ عوام کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

عطاء اللہ جان یوسفزئی اور حاجی طارق سواتی کو خراج تحسین

یوسفزئی روزنامہ شمال ایبٹ آباد کے بیورو چیف، سواتی ڈپٹی بیورو چیف شنکیاری مقرر

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) پریس کلب شنکیاری اور یونین آف جرنلسٹس شنکیاری کی جانب سے عطاء اللہ جان یوسفزئی کو روزنامہ شمال ایبٹ آباد کا بیورو چیف (شنکیاری) اور حاجی طارق سواتی کو ڈپٹی بیورو چیف مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ ہم اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ آپ دونوں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، صحافتی تجربے اور قائدانہ کردار کے ذریعے شنکیاری میں معیاری، مثبت اور ذمہ دار صحافت کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیا صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ڈی ایس پی ٹریفک سردار واجد کے مشکور ہیں، عمائدین علاقہ

ہمارے علاقے کے عمائدین کی آواز کو سنا اور اس پر عمل درآمد کروایا، عنایت خان

حویلیاں (نمائندہ شمال) ڈی ایس پی ٹریفک سردار واجد کے مشکور ہیں جنھوں نے بھرپور دلچسپی سے ہمارے علاقے کے عمائدین کی آواز کو سنا اور اس پر عمل درآمد کروایا عنایت خان، چونکہ سب سے پہلے اپنے علاقے کے تمام باشعور لوگوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ جنہوں نے اس عوامی مسئلے کو ڈی ایس پی ٹریفک سردار واجد کے سامنے اٹھایا۔ خصوصی سلام اور خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس حویلیاں، ڈی ایس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

چیف ایڈیٹر روزنامہ شمال سراج الثقلین و ایڈیٹر خرم شہزاد جدون کا شنکیاری کے صحافیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

شہباز شریف بجٹ کو عوامی ریلیف کا چیلنج سمجھ کر بنائیں، صلاح الدین

بجنہ (نامہ نگار) شہباز شریف اس بجٹ کو مسلم لیگ ن کے لیئے عوامی ریلیف کا چیلنج سمجھ کر بنائیں۔ یہ بات سینیٹر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

حقائق پر مبنی رپورٹ کرنے والوں کو ہر صورت انصاف فراہم ہوتا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) من گھڑت رپورٹ درج کرانے والے کبھی بھی اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کا انصاف حاصل نہیں کر سکتے حقائق پر مبنی رپورٹ کرنے والوں کو ہر صورت انصاف فراہم ہوتا ہے ایس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

ملک ظاہر المعروف شہزادہ خان میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز

افتتاح محمد اویس نے کیا مہمان خصوصی کا ٹورنامنٹ کھلاڑیوں کے ساتھ تعارف کرایا گیا

مانسہرہ (سپورٹس نیوز) ملک ظاہر المعروف شہزادہ خان میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ انڈر 22 تریڑی جابہ کا آغاز، محمد اویس نے افتتاح کیا، نان شاپ سپورٹس مقابلوں کے سلسلہ میں اپنی مدد آپ کے تحت تریڑی جابہ میں انڈر 22 ملک ظاہر المعروف شہزادہ خان میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز ہو گیا ہے افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی سماجی رہنماء محمد اویس تھے جن کا کھلاڑیوں سے تعارف کرایا گیا اس موقع پر منتظمین سے گفتگو کرتے ہوئے نوجوانوں کے لئے اسی طرح کے زیادہ سے زیادہ مقابلوں کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے اپنی جانب سے تین ہزار عطیہ بھی فراہم کیا اس سے قبل انہیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

اعلان تقرری

عطاء اللہ جان یوسفزئی — بیورو چیف
کو اعزازی
حاجی طارق سواتی — ڈپٹی بیورو چیف

مقرر کیا گیا ہے۔ لہٰذا اپنی خبروں، اشتہارات اور مراسلات کیلئے ان سے رابطہ کریں

انچارج نمائندگان

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سائل انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کانٹے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی/اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

جمعۃ المبارک 26 ذوالحجہ 1447ھ 12 جون 2026ء 2083ب

بچوں سے زیادتی اور ویڈیو بنانا، ہماری نوجوان نسل کیا کر رہی؟

معاشرے کی اخلاقی، سماجی اور انسانی اقدار اس وقت شدید آزمائش سے گزر رہی ہیں۔ بچوں کے ساتھ زیادتی جیسے سنگین جرائم اور پھر ان واقعات کی ویڈیوز بنا کر انہیں پھیلانے کے واقعات نہ صرف قانون بلکہ انسانیت کے منہ پر طمانچہ ہیں۔ یہ ایک ایسا المیہ ہے جو ہر باشعور شہری، والدین، اساتذہ اور ریاستی اداروں کے لیے لمحہ فکریہ بن چکا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ہماری نوجوان نسل آخر کس سمت جا رہی ہے؟ جدید ٹیکنالوجی، سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ نے جہاں معلومات تک رسائی آسان بنائی، وہیں اخلاقی تربیت کے فقدان نے بعض افراد کو جرائم کی ایسی دلدل میں دھکیل دیا ہے جہاں انسانیت، رحم اور شرم و حیا جیسی اقدار دم توڑتی نظر آتی ہیں۔ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا اور پھر اس ظلم کی ویڈیو بنانا محض ایک جرم نہیں بلکہ ایک بیمار ذہنیت کی عکاسی ہے۔ افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ ایسے واقعات کے بعد وقتی شور تو مچتا ہے، مگر مستقل اور مؤثر اقدامات کم ہی نظر آتے ہیں۔ والدین اپنی مصروفیات میں بچوں پر نظر رکھنے سے قاصر ہیں، تعلیمی اداروں میں اخلاقی تربیت کو ثانوی حیثیت حاصل ہو چکی ہے جبکہ سوشل میڈیا کے غیر ذمہ دارانہ استعمال نے نوجوانوں کے رویوں پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ صرف مجرموں کو گرفتار کرنے پر اکتفا نہ کیا جائے بلکہ انہیں عبرتناک سزائیں دی جائیں تاکہ دوسروں کے لیے مثال قائم ہو۔ ساتھ ہی گھروں، اسکولوں اور معاشرے میں اخلاقی تربیت، دینی شعور اور انسانی احترام کے جذبے کو فروغ دیا جائے۔ والدین کو چاہیے کہ بچوں کی سرگرمیوں، دوستوں اور آن لائن مصروفیات پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں اچھے اور برے کی تمیز سکھائیں۔ اگر آج بھی ہم نے اس بڑھتے ہوئے خطرے کو سنجیدگی سے نہ لیا تو آنے والی نسلیں ایک ایسے معاشرے میں پروان چڑھیں گی جہاں خوف، عدم تحفظ اور اخلاقی زوال معمول بن جائے گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ریاست، معاشرہ اور خاندان مل کر اس ناسور کے خلاف عملی اور مؤثر جدوجہد کریں، کیونکہ معصوم بچوں کا تحفظ ہی ایک مہذب اور محفوظ معاشرے کی بنیاد ہے۔

کشمیر کی سڑکوں سے اٹھتی آواز

آزاد کشمیر کی سرزمین ہمیشہ سے اپنی قدرتی خوبصورتی، مہمان نوازی اور غیرت مند عوام کی وجہ سے پہچانی جاتی رہی ہے۔ یہ وہ خطہ ہے جہاں بلند و بالا پہاڑ، بہتے دریا اور سرسبز وادیاں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا شاہکار دکھائی دیتی ہیں، لیکن ان دنوں انہی حسین وادیوں میں ایک اور آواز گونج رہی ہے۔ یہ آواز احتجاج کی ہے، سوال کی ہے اور اپنے حقوق کے لیے اٹھنے والے عوامی احساسات کی ہے۔ آج آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں ہونے والے احتجاجات نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ جب عوام اپنے مسائل کے حل میں تاخیر محسوس کریں تو ان کی آواز سڑکوں تک پہنچ جاتی ہے۔ کسی بھی معاشرے میں احتجاج کو صرف مخالفت یا بغاوت کا نام دینا درست نہیں ہوتا۔ درحقیقت یہ عوام کی طرف سے اپنے احساسات، تحفظات اور مطالبات کو حکمرانوں تک پہنچانے کا ایک جمہوری ذریعہ ہوتا ہے۔ آزاد کشمیر میں جاری حالیہ احتجاج بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔ مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقے اپنے اپنے مقف کے ساتھ میدان میں موجود ہیں۔ کوئی سیاسی نمائندگی کے سوال کو اٹھا رہا ہے، کوئی عوامی حقوق کی بات کر رہا ہے اور کوئی حکومتی پالیسیوں پر تحفظات کا اظہار کر رہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ کشمیر کا خطہ ہمیشہ سے حساس سیاسی حالات کا مرکز رہا ہے۔ یہاں کے لوگ نہ صرف اپنے روزمرہ مسائل سے نبرد آزما ہوتے ہیں بلکہ خطے کی مجموعی سیاسی صورتحال کے اثرات بھی ان کی زندگیوں پر مرتب ہوتے ہیں۔ ایسے میں جب عوام کو محسوس ہو کہ ان کے خدشات اور مطالبات کو مطلوبہ توجہ نہیں مل رہی تو احتجاج ایک فطری ردعمل بن جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج مختلف شہروں اور قصبوں میں عوام اپنے مقف کے اظہار کے لیے جمع ہو رہے ہیں۔ تاہم کسی بھی احتجاج کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے ظاہری منظر سے آگے بڑھ کر اس کی اصل وجوہات کا جائزہ لیں۔ سڑکوں پر موجود ہر شخص کسی سیاسی جماعت کا کارکن نہیں ہوتا بلکہ ان میں ایسے لوگ بھی شامل ہوتے ہیں جو اپنے بہتر مستقبل، انصاف اور مثبت نمائندگی کے خواہاں ہوتے ہیں۔ جب عوام کو یقین ہو کہ ان کی آواز ایوانوں تک نہیں پہنچ رہی تو وہ سڑک کو اپنا پلیٹ فارم بنا لیتے ہیں۔ آزاد کشمیر کے موجودہ حالات میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ تمام فریقین تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں۔ تاریخ گواہ ہے کہ کشیدگی اور تصادم مسائل کو مزید پیچیدہ بنا دیتے ہیں جبکہ مکالمہ اور افہام و تفہیم ان کے حل کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ دنیا کے بڑے بڑے سیاسی تنازعات بھی بالآخر مذاکرات کی میز پر ہی حل ہوئے ہیں۔ لہٰذا آج بھی ضرورت اس بات کی ہے کہ عوامی مطالبات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور عوام کے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے مثبت اقدامات کیے جائیں۔ افسوسناک حقیقت یہ بھی ہے کہ جب احتجاج شدت اختیار کرتے ہیں تو سب سے زیادہ نقصان عام آدمی کو اٹھانا پڑتا ہے۔ روزانہ اجرت پر کام کرنے والا مزدور، اپنی دکان کھولنے والا تاجر، تعلیم حاصل کرنے والا طالب علم اور علاج کے لیے سفر کرنے والا مریض سب اس صورتحال سے متاثر ہوتے ہیں۔ بند بازار، رکی ہوئی ٹرانسپورٹ اور غیر یقینی ماحول عام شہری کی مشکلات میں اضافہ کر دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایک ذمہ دار معاشرے میں احتجاج اور امن دونوں کے درمیان توازن قائم رکھنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ کشمیر کے عوام نے ہمیشہ اپنے شعور، صبر اور حوصلے کا ثبوت دیا ہے۔ وہ اپنے مسائل کے حل کے خواہاں ضرور ہیں لیکن ساتھ ہی اپنے خطے کے امن اور استحکام کو بھی اہمیت دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی اکثر لوگ اس امید کے ساتھ حالات کا جائزہ لے رہے ہیں کہ معاملات تصادم کے بجائے بات چیت کے ذریعے حل ہوں گے۔ عوام کی اکثریت کسی انتشار کی خواہش مند نہیں بلکہ وہ ایک ایسے

سوچ بچار
سردار محمد شعیب سیفی
sardarshoaibsaifi@gmail.com

نظام کی متلاشی ہے جس میں ان کی آواز کو عزت اور اہمیت دی جائے۔ اس تمام صورتحال میں میڈیا کا کردار بھی انتہائی اہم ہو جاتا ہے۔ صحافت کا بنیادی فرض صرف خبریں دینا نہیں بلکہ حقائق کو متوازن انداز میں عوام کے سامنے پیش کرنا بھی ہے۔ ایسے حساس مواقع پر افواہوں، غیر مصدقہ اطلاعات اور اشتعال انگیز بیانات سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ یہ عناصر حالات کو مزید خراب کر سکتے ہیں۔ ایک ذمہ دار میڈیا ہی عوام اور حکمرانوں کے درمیان بہتر رابطے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ احتجاج کسی مسئلے کا آخری حل نہیں ہوتے بلکہ یہ مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اصل کامیابی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب احتجاج کے پیچھے موجود وجوہات کو سمجھ کر ان کا حل تلاش کیا جائے۔ اگر عوام کے تحفظات کو سنجیدگی سے لیا جائے، ان سے مشاورت کی جائے اور شفاف انداز میں فیصلے کیے جائیں تو بہت سے تنازعات پیدا ہونے سے پہلے ہی ختم ہو سکتے ہیں۔ آزاد کشمیر کے نوجوان آج اس خطے کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں۔ وہ بہتر تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع چاہتے ہیں۔ ان کی خواہش ہے کہ وہ ایک ایسے ماحول میں زندگی گزاریں جہاں انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس لیے ضروری ہے کہ سیاسی اختلافات اور عوامی مسائل کے حل میں نوجوان نسل کے خوابوں اور توقعات کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ آج کشمیر ایک ایسے موڑ پر کھڑا ہے جہاں دانشمندی، تحمل اور دوراندیشی کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ احتجاج کرنے والوں کو بھی یہ یاد رکھنا چاہیے کہ امن اور نظم و ضبط ہر مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں، جبکہ حکمرانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ عوامی اعتماد کے بغیر کوئی بھی نظام مضبوط بنیادوں پر قائم نہیں رہ سکتا۔ جب عوام کو یقین ہو جائے کہ ان کی بات سنی جا رہی ہے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تو کشیدگی خود بخود کم ہونے لگتی ہے۔ کشمیر کی وادیاں آج بھی امن کا پیغام دیتی ہیں۔ ان پہاڑوں، دریاں اور میدانوں نے بہت سے نشیب و فراز دیکھے ہیں، لیکن ایک چیز ہمیشہ زندہ رہی ہے اور وہ ہے یہاں کے عوام کی امید۔ یہی امید آج بھی لوگوں کو یہ یقین دلاتی ہے کہ موجودہ مشکلات عارضی ہیں اور بہتر دن ضرور آئیں گے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ تمام فریقین ذاتی اور سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر خطے اور عوام کے وسیع تر مفاد کو ترجیح دیں۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ کشمیر کی سڑکوں سے اٹھتی یہ آواز محض احتجاج نہیں بلکہ عوامی احساسات، توقعات اور حقوق کی ترجمان ہے۔ جو قومیں اپنے لوگوں کی بات سنتی ہیں وہ ترقی کرتی ہیں اور جو عوام کے جذبات کو سمجھتی ہیں وہ مضبوط ہوتی ہیں۔ امید کی جانی چاہیے کہ موجودہ صورتحال جلد بہتری کی طرف بڑھے گی اور کشمیر ایک بار پھر امن، استحکام اور خوشحالی کی علامت بن کر ابھرے گا۔

لندن میں کشمیریوں کا طاقتور مظاہرہ

برطانیہ میں مقیم کشمیری برادری نے حالیہ دنوں لندن سمیت مختلف شہروں میں اپنے حقوق اور کشمیر کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ ان مظاہروں میں ہزاروں افراد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مطالبات اور تحفظات کو عالمی برادری کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی۔

لندن میں ہونے والے احتجاجی مظاہروں میں مرد، خواتین، نوجوان اور بزرگ بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر انسانی حقوق، انصاف، جمہوری آزادیوں اور کشمیری عوام کے حقوق کے حق میں نعرے درج تھے۔

مظاہرین کا کہنا تھا کہ کشمیر کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں اور ان کے مسائل کو طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سیاسی عمل کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی آواز کو دبانے کے بجائے اسے سنا جائے اور اس کا احترام کیا جائے۔

احتجاج میں شریک افراد نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیری عوام کو اپنی سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ عوام کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے۔

لندن کے علاوہ برمنگھم، مانچسٹر، بریڈفورڈ، لوٹن اور دیگر شہروں میں بھی کشمیری کمیونٹی نے ریلیاں اور احتجاجی اجتماعات منعقد کیے۔ ان تقریبات میں مختلف سیاسی، سماجی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

احتجاجی مظاہروں کے دوران مقررین نے کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری اپنے وطن کے حالات سے لاتعلق نہیں رہ سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے کسی بھی کونے میں رہنے والے کشمیری اپنے لوگوں کے مسائل اور مشکلات کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔

مقررین نے کہا کہ حالیہ واقعات نے کشمیری برادری کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ ان کے مطابق انسانی جانوں کا ضیاع اور عوامی بے چینی ایسے مسائل ہیں جن پر فوری توجہ دی جانی چاہیے۔

مظاہرین نے عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں اور ایسے اقدامات کریں جو خطے میں امن اور استحکام کے فروغ میں مددگار ثابت ہوں۔

قلم حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

احتجاج کے دوران متعدد مقررین نے انسانی حقوق کے عالمی اصولوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر فرد کو اظہارِ رائے، پرامن احتجاج اور سیاسی شرکت کا حق حاصل ہے اور ان حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے۔

کشمیری برادری کے رہنماں نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم کشمیری کئی دہائیوں سے اپنے وطن کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے سرگرم کردار ادا کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی یہ کوششیں جاری رہیں گی۔

احتجاجی اجتماعات میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نوجوان مقررین نے کہا کہ نئی نسل اپنے بزرگوں کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے اور وہ پرامن اور جمہوری ذرائع سے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔

خواتین کی شرکت بھی ان مظاہروں کا نمایاں پہلو تھی۔ خواتین مقررین نے کہا کہ کشمیر کے مسائل صرف سیاسی نہیں بلکہ انسانی نوعیت کے بھی ہیں اور ان کے اثرات معاشرے کے ہر طبقے پر مرتب ہوتے ہیں۔

احتجاج کے شرکا نے مختلف مقامات پر مارچ کرتے ہوئے اپنے مطالبات کو پرامن انداز میں پیش کیا۔ اس دوران امن و امان کی صورتحال مجموعی طور پر معمول کے مطابق رہی اور مظاہرے منظم انداز میں جاری رہے۔

برطانیہ میں مقیم کشمیری کمیونٹی کا کہنا ہے کہ وہ اپنے وطن کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ہر مشکل وقت میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔

کئی مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ مسئلے کا حل تصادم یا کشیدگی میں نہیں بلکہ مکالمے، برداشت اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ ان کے مطابق پائیدار امن کے لیے تمام فریقین کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

احتجاجی ریلیوں کے دوران کشمیری ثقافت اور شناخت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ شرکا نے روایتی جھنڈے اور ثقافتی علامات اٹھا کر اپنی قومی اور ثقافتی وابستگی کا اظہار کیا۔

مظاہرین نے برطانوی حکومت اور ارکانِ پارلیمنٹ سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

کمیونٹی رہنماں کا کہنا تھا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری معاشی، تعلیمی اور سماجی میدانوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کے آبائی علاقوں میں بھی ترقی اور خوشحالی کے مواقع بڑھیں۔

احتجاجی اجتماعات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوان نسل کو مایوسی کے بجائے تعلیم، شعور اور مثبت سیاسی عمل کی طرف راغب کیا جائے تاکہ وہ اپنے مستقبل کی بہتر تعمیر کر سکیں۔

نے کہا کہ دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق مشترکہ آواز ہی عالمی سطح پر مؤثر انداز میں سنی جا سکتی ہے۔

مظاہرین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے حقوق اور اپنے عوام کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے قانونی، جمہوری اور پرامن ذرائع اختیار کرتے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی جدوجہد کا مقصد امن، انصاف اور عوامی فلاح کا حصول ہے۔

برطانیہ میں ہونے والے یہ احتجاج اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ کشمیری برادری اپنے وطن کے معاملات سے گہری وابستگی رکھتی ہے اور عالمی سطح پر اپنے مقف کو اجاگر کرنے کے لیے مسلسل سرگرم ہے۔ شرکا کا کہنا تھا کہ جب تک ان کے مطالبات اور تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں سنا جاتا، وہ اپنی پرامن آواز بلند کرتے رہیں گے۔

مظاہرین نے اپنے اجتماعات کے اختتام پر اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں ایسے اقدامات کیے جائیں گے جو کشمیری عوام کی مشکلات میں کمی لانے، خطے میں استحکام پیدا کرنے اور ایک منصفانہ و پائیدار امن کی راہ ہموار کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

آفتاب ولایت

بابا فرید گنج شکر شہنشاہِ پاک پتن کی پیدائش کا واقع بہت مشہور ہے آپ ایک نیک عابد زاہد خاتون کے بیٹے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ جب آپ شکم مادر میں تھے تو ایک رات آپ کی والدہ محترمہ قرسم خاتون رات کے آخری پہر مصلے پر بیٹھی نماز تہجد ادا کر رہی تھیں کہ ایک چور چوری کی نیت سے آپ کے گھر آیا آپ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں اس قدر محو تھیں کہ اس چور کی آمد کا آپ کو بالکل بھی پتہ نہ چلا۔ ظاہر ہے چور چوری کی نیت سے آیا تھا اور وہ گھر کا مال اسباب سمیٹ لینا چاہتا تھا لیکن جب اس چور نے ایک نیک خاتون کا بارگاہِ الٰہی میں عبادت کرتے دیکھا تو وہ اِس روح پرور منظر میں کھو گیا اور ساکت نیک خاتون کو عبادتِ الٰہی میں مستغرق دیکھتا رہا وہ نیک خاتون کی عبادت اور انہماک سے بہت زیادہ متاثر ہو گیا تھا نیک عورت جس طرح خشوع و خضوع سے مصروف عبادت تھی وہ اپنا کام بھول کر اس ایمان افروز منظر میں کھو چکا تھا پھر اس نے خود کو اِس سحر انگیز منظر سے نکالا اور چوری کی نیت سے آگے بڑھا۔ چور نے ارادہ کر لیا تھا کہ اگر عورت نے اس کو دیکھ لیا تو وہ جبر و تشدد سے اس کو ہٹا کر چوری کرے گا یہ سوچ کر اس نے پھر قرسم خاتون کو دیکھا جو آنکھیں بند کئے اپنے خالق کے تصور میں کھوئی ہوئی تھیں اور دنیا مافیا سے بے خبر قربِ الٰہی عشق الٰہی میں غرق تھیں۔ اب چور ہمت کر کے آگے بڑھا ابھی اس نے دو چار قدم ہی اٹھائے ہونگے کہ اچانک وہ اپنی آنکھوں کی روشنی سے محروم ہو گیا وہ اندھا ہو چکا تھا۔ یہ ایک ناقابل یقین واقعہ تھا چور نے بہت کوشش کی لیکن اس کی آنکھوں کا نور واپس نہ آیا۔ اب اس نے گھر سے بھاگنے کی کوشش کی اور کافی دیر تک دیواروں سے سر ٹکراتا رہا مگر اسے واپسی کا راستہ نہ مل سکا فرار کے تمام راستے بند ہو چکے تھے اب چور پر خوف و دہشت نے قبضہ جمانا شروع کیا تو اسے احساس ہوا کہ یہ تو قہر آسمانی ہے قدرت نے اس کی آنکھوں کا نور چھین لیا ہے جب چور کو کوئی راستہ نہ ملا تو اس نے چیخنا شروع کر دیا اور با آواز بولنا شروع کیا میں عقیدے کے اعتبار سے غیر مسلم بت پرست ہوں چوری میرا پیشہ ہے آج رات چوری کی نیت سے ہی میں اِس گھر میں داخل ہوا تھا مگر چوری سے پہلے ہی میں اپنی آنکھوں کا نور کھو بیٹھا ہوں۔ یہ اندھا

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

پن کوئی اتفاق نہیں ہے یقیناً اِس گھر میں کوئی بہت نیک ہستی ہے جس کی وجہ سے میں اندھا ہو گیا ہوں اگر وہ بزرگ ہستی میری آواز سن رہی ہے تو میں اس کو درخواست کرتا ہوں کہ مجھے معاف کر دے میں گناہ گار ہوں مجھے معافی دی جائے ہندو چور بآواز بار بار اپنی غلطی کا اقرار اور معافی مانگ رہا تھا قرسم خاتون دنیا و مافیا سے بے خبر خالق ارض و سما کے حضور عبادت میں غرق تھی جب چور نے بہت گریہ زاری کی تو آنکھیں کھول دیں اور دیکھا کہ مکان کے صحن میں ایک طویل قامت انسان ٹھوکریں کھاتا پھر رہا ہے اس کے چلنے اور لڑکھڑانے سے واضح پتہ چل رہا تھا کہ وہ اپنی آنکھوں کے نور سے محروم ہو چکا ہے۔ نیک دل خاتون اس طاقتور انسان کو بے بسی اور لاچارگی کی حالت میں دیکھتی رہی جو چوری کی نیت سے اس کے گھر میں داخل ہوا تھا۔ چور نے دوبارہ بولنا شروع کیا کہ جو بھی نیک ہستی اِس گھر میں موجود ہے اور یقیناً وہ میری آواز اور بے بسی دیکھ رہی ہوگی اسے اس کے خدا کا واسطہ وہ مجھے معاف کر دے میں اقرار کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ کے لیے چوری اور ڈکیتی سے توبہ کر لوں گا میری آنکھوں کا نور اگر مجھے واپس مل گیا تو میں ہر برا کام چھوڑ دوں گا۔ قرسم خاتون خاموشی سے اس کی حالت زار اور بے بسی دیکھ رہی تھیں نیک دل خاتون کے سکوت مسلسل سے چور اور بھی خوف زدہ ہو گیا اور اب براہ راست نیک خاتون کو پکارا کہ میں نیک دل خاتون سے معافی کی درخواست کرتا ہوں کہ میرے گناہ کو معاف کر دیں بے شک میں انہیں تنہا سمجھ کر چوری کرنا چاہتا تھا کہ کمزور عورت اور چھوٹے بچے میرے راستے کی رکاوٹ نہیں بن سکتے لیکن میں غلط تھا مجھے معاف کر دیں اگر میری بینائی بحال ہو گئی تو میں اپنے آبا اجداد کے مذہب بت پرستی کو ترک کر دوں گا ماتھے سے قشقا اور گلے میں زنار توڑ کر پھینک دوں گا اور حلقہ اسلام میں دل سے داخل ہو جاں گا۔ چور کی گریہ زاری آہ و بکا سن کر قرسم خاتون نے اپنا وظیفہ نیم شبی چھوڑ دیا اور دعا کے لیے ہاتھ بارگاہِ الٰہی میں اٹھا دیئے اے مالک ارض و سما دنیا مجھے اکیلا سمجھتی ہے لیکن جس کا تو مددگار ہو اسے لا وارث کون کہہ سکتا ہے جس کا اللہ تو محافظ ہو اس کو چوروں ڈکیتوں سے کیا خطرہ اگر سارا زمانہ بھی قزاق بن کر اِس گھر پر ٹوٹ پڑے تو میرا اور میرے بچوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا بے شک تو ہی میرا کفیل اور وکیل ہے میں تیری بندگی پر شکر گزار ہوں کہ تو نے مجھ ناتواں عورت کا بدلہ اِس مرد سے لیا جو چور اور طاقتور تھا قرسم خاتون کی رقت اور لہجے میں درد اور التجا بڑھتی جا رہی تھی اے مالک اب میں تجھ سے التجا کرتی ہوں کہ تو اِس کی بینائی واپس کر دے یہ تیرا ہی بندہ ہے جو راستے سے بھٹک گیا تھا میں نے اِس کا جرم معاف کیا اب تو بھی اِس کے گناہوں سے چشم پوشی فرما اِس کی آنکھوں کے ساتھ اِس کے دل کی سیاہی بھی دھو دے اِس کا نور اِس کو واپس کر دے۔ اور پھر اچانک بت پرست کو محسوس ہوا اس کی آنکھوں کی سیاہی کی جگہ نور واپس آ رہا ہے اور پھر اس کی بینائی بحال ہو گئی تو وہ تشکر اور لرزتے قدموں سے قرسم خاتون کی طرف بڑھا اور معافی مانگی بت پرست کی آواز ندامت اور شرمندگی سے کانپ رہی تھی۔ قرسم خاتون بولی تجھے کوئی مجبوری یا ضرورت چوری کے لیے میرے گھر لائی تو میرا مہمان ہے بتا تیری کیا خدمت کر سکتی ہوں چور شرمندگی کے سمندر میں غرق تھا صرف معافی مانگ رہا تھا جا ان سے معافی مانگ جن کے حقوق تو نے غضب کئے ہیں پھر ہندو لٹیرا گردن جھکائے واپس چلا گیا۔ اگلے دن وہ چور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ قرسم خاتون کے دروازے پر کھڑا تھا اور زار و قطار روتے ہوئے کہہ رہا تھا اس ابدی روشنی کی ایک کرن مجھے دے دیں دولت ایمان سے نواز دیں اور پھر یہ بت پرست مسلمان ہو کر دولتِ ایمانی سے اپنا دامن بھر کر گیا اِس لٹیرے کا نام عبداللہ رکھا گیا عبادت و ریاضت سے نیک بندوں میں شامل ہوا وفات پانے کے بعد وہیں دفن ہوا آج بھی اس کا مزار موجود ہے بابا فرید ابھی ماں کے پیٹ میں تھے جب یہ واقعہ پیش آیا۔ بچہ بڑا ہوا کر آفتاب ولایت کا سورج ثابت ہوا جس کی روشنی سے لاکھوں اندھی روحوں نے روشنی پائی اور قیامت تک یہ فیض اِسی طرح جاری و ساری رہے گا۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شندور پولو فیسٹیول کا افتتاح کر دیا

صوبائی وزیر اطلاعات شفیع جان اور معاون خصوصی برائے سیاحت عدیل ملک بھی گورنر کے ہمراہ تھے

پشاور (بیورو چیف) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شندور پولو فیسٹیول کا افتتاح کر دیا۔ صوبائی وزیر اطلاعات و تعلقات عامہ شفیع جان اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے سیاحت عدیل ملک بھی گورنر کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ پولو کے کھلاڑیوں کو مکمل سپورٹ فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وسائل نہ ہونے کے باوجود محکمہ سیاحت نے کام کیا اور فیسٹیول کا انتظام کیا۔ گورنر نے کہا کہ معاون خصوصی سے بات کی ہے اور بزکشی کھیل کو بھی فروغ دیں گے۔ گورنر نے کہا کہ بہت جلد چترال کیلئے ایسے اقدامات کریں گے جس سے مزید سیاح بھی آئیں گے۔ اس کے علاوہ بہت جلد چترال میں ایئر پورٹ کا افتتاح کیا جائیگا۔ گورنر نے کہا کہ این ایچ اے سے روڈ کی بحالی کیلئے بات کریں گے اور صوبائی حکومت سے بھی روڈ سے متعلق سفارش کریں گے۔ اس کے علاوہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پاسکو کے ذریعے خیبر پختونخوا کو گندم فراہمی کے احکامات پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو 36 لاکھ میٹرک ٹن گندم کی ضرورت ہے، پاسکو کے ذریعے وزیر اعظم نے دو لاکھ میٹرک ٹن گندم کی منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقی گندم کی پنجاب سے فری ترسیل ابھی تک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

دھرتی ہزارہ۔۔۔۔قربانی، خدمت اور وفا کی ایک روشن داستان

تحریر: سرور زیب اعوان

مظفر آباد کے افسوسناک ہیلی کاپٹر حادثے میں جب دھرتی ہزارہ کے دو بہادر سپوت، میجر عثمان شاہ اور عقیل عباس، جامِ شہادت نوش کر گئے تو پورا خطہ سوگوار ہو گیا۔ یہ صرف دو افراد کی شہادت نہیں تھی بلکہ یہ اس عظیم روایت کا تسلسل تھا جسے ہزارہ کے عوام نسل در نسل اپنے خون سے رقم کرتے آئے ہیں۔ وطن سے محبت، فرض شناسی اور قربانی کا جذبہ اس خطے کی شناخت بن چکا ہے۔

ہزارہ کی سرزمین اپنی قدرتی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ایسے لوگوں کی وجہ سے بھی پہچانی جاتی ہے جنہوں نے زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ تعلیم، صحت، عدلیہ، انتظامیہ، کاروبار، سیاست، صحافت، مذہبی و سماجی خدمات اور سب سے بڑھ کر دفاعِ وطن میں اس خطے کے فرزندوں نے اپنی صلاحیتوں اور کردار کا لوہا منوایا ہے۔ پاکستان کے طول و عرض میں ہزارہ سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد قومی تعمیر و ترقی کے عمل میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔

دفاعِ وطن کا ذکر آئے اور ہزارہ کے جوانوں کی قربانیوں کا تذکرہ نہ ہو، یہ ممکن نہیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد سے لے کر آج تک پاک فوج، فضائیہ اور بحریہ میں ہزارہ کے نوجوانوں نے ہمیشہ صفِ اول میں رہ کر اپنی ذمہ داریاں ادا کی ہیں۔ سرحدوں کے تحفظ سے لے کر دہشت گردی کے خلاف جنگ تک، ہر محاذ پر ان کے خون نے اس مٹی کی آبیاری کی ہے۔

گزشتہ برس مانسہرہ سے تعلق رکھنے والے بہادر فوجی افسر کرنل شہزادہ گلفراز کی شہادت نے بھی پوری قوم کو غمزدہ کر دیا تھا۔ انہوں نے وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے یہ ثابت کیا کہ ہزارہ کے فرزند صرف وطن سے محبت کا دعویٰ

بقیہ 1

گزاروں کو مطلوبہ سرکاری ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر معاملہ چیف انفارمیشن آفیسر، رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخواہ کی عدالت میں پہنچ گیا۔ آج ہونے والی سماعت کے دوران شہریوں اور صحافیوں کو ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر چیف انفارمیشن آفیسر نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ صحافیوں کی نمائندگی بھی جینل ایبٹ آباد کے بیورو چیف سہیل عباسی اور نیوز ایکسپریس آن لائن ہزارہ ڈویژن کے بیورو چیف سلطان ڈوگر نے کی۔ چیف انفارمیشن آفیسر نے ایوب ٹیچنگ ہسپتال کے لیگل ایڈوائزر کو ہدایت جاری کی کہ ایک ہفتے کے اندر اندر تمام درخواست گزاروں کو مطلوبہ ریکارڈ فراہم کیا جائے۔ بصورت دیگر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سماعت کے موقع پر ہسپتال کے لیگل ایڈوائزر کی جانب سے عدالت کو یقین دہانی کروائی گئی کہ مقررہ مدت کے اندر تمام درخواست گزاروں کو ریکارڈ فراہم کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ متعدد صحافیوں اور شہریوں نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں ادویات کی خریداری، بھرتیوں اور دیگر انتظامی امور سے متعلق سرکاری ریکارڈ طلب کیا تھا، تاہم انتظامیہ کی جانب سے یہ ریکارڈ فراہم نہیں کیا جا رہا تھا، جس پر معاملہ کمیشن میں لے جایا گیا۔

بقیہ 2

عوام کو مہنگائی کے اثرات سے تحفظ دینا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاسکو کے ذریعے فوری اور موثر گندم سپلائی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ وزیراعظم کا اقدام غذائی تحفظ اور عوامی ریلیف کیلئے عملی قدم ہے۔

بقیہ 3

اور جامعات میں موسم گرما کی تعطیلات کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ جاری کردہ اعلامیے کے مطابق میدانی علاقوں میں تمام تعلیمی ادارے **15** جون سے **31** اگست تک بند رہیں گے۔ جبکہ سرد اور پہاڑی علاقوں میں گرمیوں کی تعطیلات یکم جولائی سے **31** جولائی **2026** تک ہوں گی۔ محکمہ تعلیم نے واضح کیا ہے کہ تعطیلات کے دوران جاری امتحانات اور ایل ایس چار سالہ پروگرامز اپنے مقررہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے اور کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ حکام کے مطابق اس فیصلے کا مقصد تعلیمی سرگرمیوں کو منظم رکھنا اور طلبہ کے تعلیمی نقصان سے بچاو کو یقینی بنانا ہے

بقیہ 4

بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافے اور ٹیکس کی شرح میں کمی مد میں **50** ارب روپے تک کا ریلیف دیئے جانے کا امکان ہے جبکہ ٹیکس ریلیف دینے ٹیکس ریونیو کا ہدف **15** ہزار **267** ارب روپے متوقعہ ذرائع کے مطابق وفاقی بجٹ میں سولر پینلز، اسٹیشنری اشیا اور اسٹاک مارکیٹ پر عائد ٹیکسوں میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سولر پینلز پر سیلز ٹیکس کی شرح **10** فیصد سے بڑھا کر **18** فیصد کرنے کی تجویز واپس لے لی گئی ہے جبکہ اسٹیشنری اشیا پر سیلز ٹیکس میں اضافے کی مجوزہ تجویز بھی بجٹ کا حصہ نہیں بنے گی، بجٹ میں درآمدی الیکٹرک گاڑیوں (ای ویز) پر سیلز ٹیکس کی شرح **25** فیصد تک بڑھانے کا امکان ہے جبکہ ہائبرڈ گاڑیوں پر موجودہ ٹیکس شرحیں برقرار رہنے کا امکان ہے۔ بجٹ میں ماحول دوست الیکٹرک گاڑیوں کیلئے ٹیکس ریلیف دیئے جانے کا امکان ہے جبکہ روایتی ایندھن پر چلنے والی گاڑیوں پر کاربن لیوی لگانے کی تجویز ہے بڑی گاڑیاں مزید مہنگی ہونے کا خدشہ جبکہ مقامی سطح پر تیار الیکٹرک وہیکلز سستی ہونے کی امید ہے تاہم ہائبرڈ گاڑیوں پر معمول کے ٹیکس برقرار رہیں گے۔ مقامی سطح پر الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری کیلئے موٹرز، بیٹریز اور دیگر پرزوں پر کسٹم ڈیوٹی ایک فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ سیلز ٹیکس بھی ایک فیصد رکھنے کی سفارش ہے جبکہ فیڈرل ایکسائز، کیپٹل ویلیو اور ود ہولڈنگ ٹیکس کی مکمل چھوٹ کی تجویز کی گئی ہے ذرائع کے مطابق نئے بجٹ میں پیٹرولیم لیوی سے ایک ہزار **727** ارب روپے وصول کرنے کا پلان ہے

بقیہ 5

(پی پی دختر سلیمان کے ہمراہ اس کے والد سلیمان نے پریس کلب مانسہرہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ میری بیٹی جو کہ میرے گھر کے ساتھ ملحقہ ہمارے ذاتی گھر میں رہائش پذیر ہے ۔میں ضروری کام کے سلسلے میں علاقہ سے باہر تھا ۔اس دوران قبضہ مافیا ساجد ولد صابر، شفیق، رفیق پسران سعیداللہ، نعیم، عظیم، عامر پسران رفیق، بی بی حسن جان زوجہ رفیق ساکنان بھوجہ فرید آباد نوری نے گھر پر دھاوا بول دیا ۔قبضہ گروپ سربراہ ساجد نے مقامی تھانہ ایس ایچ او و سرکل ڈی ایس پی کو ہار وغیرہ پہنا کر ویڈیو فوٹو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے سوشل میڈیا پر لگا رکھی ہیں ۔ساجد اور اس کے قبضہ گروپ کے خلاف متعلقہ تھانہ میں میری متاثرہ بیٹی کی شبوتوں سمیت درخواست پر رپورٹ وعمل درآمد اور قانونی تحفظ و انصاف فراہمی کے بجائے مبینہ طور پر مخالفین کی پشت پناہی کر رہے ہیں ۔متاثرہ سلیمان نے ڈی پی او مانسہرہ و ایس پی سرکل بالاکوٹ سے اس واقعہ کے متعلق فوری غیر جانبدارانہ انکوائری اور مرتکب نامزد قبضہ گروہ سرغنہ ساجد اس کے دیگر نامزد افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر کے ہمارا ذاتی و ملکیتی گھر واگزار کروا کر ہمیں قانونی تحفظ وانصاف فراہم کیا جائے

بقیہ 6

کا بھی امکان ہے۔ پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ مسلسل بارشوں کے باعث بالائی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ جبکہ ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ بالخصوص کوہستان، بٹگرام، مانسہرہ اور ایبٹ آباد کے مختلف علاقوں میں فلیش فلڈنگ کا بھی خطرہ موجود ہے۔ مزید برآں، تیز ہواؤں اور ژالہ باری سے کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں اور سولر پینلز کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، جبکہ کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ پیشگی اقدامات کو یقینی بنایا جائے، ریسکیو ٹیموں کو الرٹ رکھا جائے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ضروری وسائل بروقت فراہم کیے جائیں۔ انتظامیہ کو اہم شاہراہوں کو ہر صورت کھلا رکھنے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور متبادل راستوں کی دستیابی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے تاکہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ متعلقہ اداروں کو نکاسی آب کے نظام کی صفائی اور ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سیاحوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور موسمی صورتحال کے حوالے سے مستند معلومات حاصل کرتے رہیں۔ عوام الناس سے اپیل کی گئی ہے کہ تیز بارشوں کے دوران ندی نالوں، برساتی پانی اور دیگر خطرناک مقامات سے دور رہیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی آپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں عوام فوری طور پر ہیلپ لائن **1700** پر اطلاع دیں۔

بقیہ 7

محکمہ وائلڈ لائف اور محمد اشرف نے ٹیم کے ہمراہ جنگل میں لگی آگ سم ڈاڈ کریالی میں آگ کو بجھانے کی کوشش کی آگ بجھاتے ہوئے محمد اشرف کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے مگر رات بھر جنگل میں لگی آگ کو بجھانے میں اہم کردار ادا کیا جنگل میں لگی آگ کی وجہ سے آس پاس گرمی بڑھ گئی تھی

بقیہ 8

بھی ایکشن نہ لینے پر ضلعی انتظامیہ و افسران محکمہ معدنیات کے ضمیر کو جگانے کیلئے نہتے بچوں نے گاں کی شاہراہ پر پھولوں کی پتیاں بچھا کر مجاز حکام کی راہ دیکھنے کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق لیز مافیا کی جانب سے گاں کی آبادی کے اندر معدنیات کی سرگرمیاں شروع کر دی ہیں اور گزشتہ کچھ عرصہ سے آبادی میں غیر قانونی بلاسٹنگ کا سلسلہ بھی شروع کر رکھا ہے جس وجہ سے گاں میں مقامی لوگوں کے مکانات تقریباً ناکارہ ہو چکے ہیں اور مکانات کی دیواروں میں بڑی بڑی دراڑیں پڑ چکی ہیں جو کہ آفت زدہ ہو کر انسانی جانوں کیلئے خطرہ اور بھاری مالی نقصانات کا سبب بن گئے ہیں۔ جبکہ غیر قانونی بلاسٹنگ سے گاں کا مقامی روڈ، سوئی گیس کی پائپ لائن، پانی کے قدرتی چشمہ، گاں کو پانی فراہم کرنے والا واٹر ٹینک وغیرہ بھی خطرات سے دوچار ہو چکا ہے جبکہ پہاڑوں کا حسن تباہ ہونے کے ساتھ ساتھ قدرتی ماحول بھی شدید خطرات سے دوچار ہو چکا ہے۔ ان حالات سے متاثر ہونیوالی مقامی آبادی جو کہ بے گھر ہونے کے قریب پہنچ چکی ہے نے اپنی مشکلات بابت دادرسی کیلئے ڈی سی او ایبٹ آباد، اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد، ضلعی افسران محکمہ معدنیات ایبٹ آباد کے علاوہ صوبائی حکومت کے آن لائن کمپلینٹ سیل کا دروازہ متعدد بار کھٹکھٹایا اور ایک سو سے زائد شکایات درج کروائیں مگر لیز مافیا کے خلاف کاروائی نہ ہو سکی جس پر مقامی آبادی نے لیز مافیا کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کیا جہاں سے **20/05/2026** کو باقاعدہ حکم امتناعی برخلاف غیر قانونی بلاسٹنگ جاری کیا گیا مگر اس کے باوجود بلاسٹنگ روکنے کے بجائے لیز ہولڈرز نے مزید بڑھا دی۔ جس پر محکمہ معدنیات اور ضلع انتظامیہ کو شکایات رجسٹرڈ کروائی گئیں مگر مجاز افسران نے کسی بھی طرح کا ایکشن لینے سے معذوری ظاہر کر دی لیز مافیا کے بارے میں مقامی لوگوں نے بتایا کہ وہ انتہائی بااثر لوگ ہیں اسی وجہ سے افسران خاموش ہیں لیز مافیا نے **Environment Department** کو لاکھوں روپے رشوت دیکر قدرتی ماحول کو بھاری نقصانات کے باوجود حیرت انگیز طور پر **NOC** حاصل کر لی جو کہ لمحہ فکریہ ہے۔ جس معاملہ کی الگ سے تحقیقات ہونی چاہئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس دوران اعلیٰ سطح نوٹیفکیشن کے ذریعے لیز ہولڈرز کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے احکامات بھی جاری ہوئے مگر ان پر بھی کوئی عملدرآمد نہ ہو سکا جس پر دلبرداشتہ ہو کر مقامی لوگوں نے احتجاج کیا جس میں بچوں نے بھی بھرپور حصہ لیا۔ غیر قانونی بلاسٹنگ اور آبادی کے اندر مائنگ کی سرگرمیاں ایک طرف قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہیں جبکہ دوسری جانب انفراسٹرکچر متاثر، قدرتی حسن تباہ، انسانی جانوں کو لاحق خطرات اور مقامی آبادی کے گھر وغیرہ تباہ و برباد ہونے سے عام لوگوں کے بے گھر ہونے کا بھی خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔

بقیہ 9

سے مثر کارروائی دیکھنے میں نہیں آ رہی۔ لکڑا اور اسی نوعیت کی دیگر اشیا منہ، گلے اور معدے کے خطرناک امراض کا سبب بن سکتی ہیں اور نوجوانوں کو مختلف قسم کے نشوں کی طرف مائل کرتی ہیں عوام حکومت خیبر پختونخوا، ضلعی انتظامیہ محکمہ خوراک، محکمہ صحت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ایبٹ آباد کے بازاروں اور دکانوں کی فوری تلاشی لی جائیں کا اور دیگر ممنوعہ اشیا فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائیں جو اور طلبہ میں نشے کے نقصانات کے حوالے سے آگاہی مہم چلائی جائیں کیلوں، کالجوں اور عوامی مقامات کے اردگرد خصوصی نگرانی کا نظام قائم کیا جائیں صرف قانون کی خلاف ورزی کا معاملہ نہیں بلکہ ہماری آنے والی نسلوں کی صحت اور مستقبل کا مسئلہ ہے۔ اگر آج اس خطرناک رجحان کو نہ روکا گیا تو کل اس کے نتائج پورے معاشرے کو بھگتنا پڑیں گے متعلقہ حکام سے پرزور اپیل ہے کہ فوری نوٹس لے کر عملی اقدامات کریں اور نوجوان نسل کو اس تباہ کن لعنت سے بچائیں

بقیہ 10

کا حجرہ وحید انجم خان میں عمائدین علاقہ سے خطاب، گزشتہ روز ایم پی اے حلقہ پی کے **38** زاہد چنن زیب نے حجرہ وحید انجم خان حیلی ترپی میں عمائدین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا آج بھی یہی موقف ہے کہ ضلع اگرور تنول کسی صورت قبول نہ ہے جیسے اکرام اللہ غازی اپنے حلقہ کی عوام کی ترجمانی کا حق رکھتا ہے اسی طرح میں بھی اپنے حلقہ تناول کی ترجمانی کا حق رکھتا ہوں ہمیں ضلع تناول چاہئے اس کے لئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی مگر تناول کی شناخت کو ختم کرنے کی سازش کے تحت ضلع اگرور تنول کسی صورت قبول نہ ہوگا کوہستان میں تین اضلاع بن سکتے ہیں تو اگرور اور تنول الگ الگ دو اضلاع کیوں نہیں بن سکتے میرا موقف علاقہ تناول حلقہ پی کے **38** کی عوام کی ترجمانی ہے اور میں اس پر قائم ہوں کہ ضلع تناول الگ بنے گا متحدہ قومی تحریک ضلع تناول اور قومی تحریک ضلع تنول کی جدوجہد میں برابر کا شریک ہوں اور ضلع تناول کا نوٹیفکیشن حاصل کر کے دم لوں گا

بقیہ 11

اور حق بچیوں کی مالی معاونت حکومت خیبر پختونخوا کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور صوبائی حکومت معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی زکوٰۃ دفتر ایبٹ آباد کے زیر اہتمام منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جہاں حکومت خیبر پختونخوا کے فلاحی ایجنڈے کے تحت **15** یتیم اور مستحق بچیوں میں جہیز فنڈز کے تحت **2** لاکھ روپے فی کس کے چیکس تقسیم کیے گئے۔ کشمیر ہزارہ نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری صرف ترقیاتی منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ ایسے خاندانوں کی معاونت بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے جو معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستحق خاندانوں کی مدد اور یتیم بچیوں کی سرپرستی ایک مہذب اور فلاحی معاشرے کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خیبر پختونخوا اس امر کو یقینی بنا رہی ہے کہ زکوٰۃ اور فلاحی فنڈز حقیقی مستحقین تک شفاف اور بروقت انداز میں پہنچیں تاکہ ضرورت مند افراد کی مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کے صاحب حیثیت افراد کو بھی چاہیے کہ وہ مستحق خاندانوں کی معاونت میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ اجتماعی طور پر ایک مضبوط اور ہمدرد معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ کمشنر ہزارہ نے مستحق بچیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے نئے گھروں کو اپنا گھر سمجھیں، محبت، برداشت، احترام اور ایثار کے جذبے کو فروغ دیں اور اپنے گھروں کو خوشیوں، سکون اور خوشحالی کا گہوارہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین خاندان اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں اور ایک خوشحال خاندان ہی ایک مضبوط معاشرے کی بنیاد بنتا ہے۔ تقریب کے دوران کمشنر ہزارہ فیاض علی شاہ نے **15** یتیم اور مستحق بچیوں میں **2** لاکھ روپے فی کس کے چیکس تقسیم کیے اور ان کے روشن مستقبل، خوشحال ازدواجی زندگی اور کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب میں زکوٰۃ حکام، زکوٰۃ کمیٹیوں کے نمائندگان، مستحق خاندانوں اور دیگر معززین نے شرکت کی۔

بقیہ 12

دور نظر آئے۔ پہلے علی امین گنڈا پور کابینہ اور پھر سہیل خان آفریدی کی کابینہ میں انہیں شامل نہیں کیا گیا جس پر مشتاق احمد غنی شروع دن سے ہی نالاں نظر آئے۔ مبینہ ذرائع کے مطابق بانی کی ہدایت پر پارٹی قائدین بھی ان سے دور ہی رہے دو دن اچانک سابق سپیکر مشتاق احمد غنی سوشل میڈیا کے ذریعے بیان داغتے ہوئے کہا کہ عمران خان ہومیو پیتھک احتجاج سے باہر نہیں آئیں گے وزیر اعلیٰ اور پارٹی اس کے لئے کوئی لائحہ عمل طے کرے اچانک مشتاق احمد غنی کی چارسال سے قید بانی کی رہائی کے لئے محبت جاگنے پر سب ششدر رہ گئے ہے۔ میڈیا کو جاری اپنے ایک تعزیتی بیان میں حاجی ذرخان چدون کا کہنا تھا کہ ملک کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج کے بہادر افسران اور جوان پوری قوم کا فخر ہیں۔ وطنِ عزیز کے دفاع اور سلامتی کے لیے دی جانے والی ان کی یہ عظیم قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ناگہانی حادثے اور عظیم نقصان پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے، اور وہ دکھ کی اس گھڑی میں شہدا کے سوگوار خاندانوں اور پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

بقیہ 16

کمشنر ماسہرہ کی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر **II**-مانسہرہ، جنید جمشید نے بی ایچ یو با بانڈی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ عملے کو ہدایت جاری کی گئی کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات اور ادویات کی بروقت فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 17

کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تنظیمی امور، عوامی مسائل اور آئندہ سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت تحصیل امیر قاری صدیق نے کی جبکہ جنرل سیکریٹری عبدالرزاق، سابق جنرل سیکریٹری بختیار، مفتی آصف شہزاد اور دیگر عہدیداران و کارکنان نے شرکت کی اجلاس کے دوران منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کے خلاف بھرپور عوامی آگاہی مہم چلانے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کے لیے عملی اقدامات پر زور دیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ منشیات معاشرے کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہے جس کے خاتمے کے لیے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اجلاس میں آئندہ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی اور تنظیمی سطح پر تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر کردار ادا کیا جائے گا مزید برآں اجلاس میں شیخ الحدیث شہید مولانا ادریس ریفرنس کے انعقاد اور اس کی تیاریوں پر بھی غور کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ شہید مولانا ادریس کی دینی، علمی اور سیاسی خدمات کو اجاگر کرنے کے لیے ریفرنس کو بھرپور انداز میں منعقد کیا جائے گا اجلاس کے اختتام پر ملک وقوم کی سلامتی، ترقی، اتحادِ امت اور علاقے کی خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

بقیہ 18

سے **13** جون **2026** کے دوران ملک میں مغربی اور بحیرہ عرب سے مرطوب ہواؤں کے داخل ہونے کے باعث بالائی اور وسطی علاقوں میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس موسمی نظام کے تحت ہزارہ ڈویژن کے اضلاع ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور اور گلیات سمیت خیبر پختونخوا، پنجاب، اسلام آباد، کشمیر اور گلگت بلتستان میں کہیں کہیں تیز ہواں، جھکڑ چلنے اور ژالہ باری کی توقع ہے۔ مزید برآں، بلوچستان اور بالائی سندھ میں گرد آلود ہوائیں اور آندھی چلنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شدید آندھی اور ژالہ باری سے کمزور ڈھانچوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے، جبکہ نشیبی علاقوں میں جل تھل اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے، جس کے پیش نظر شہریوں کو محتاط رہنے اور تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 19

حلقوں میں شدید تشویش اور غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی سے زیارت معصوم، تاجوال، مری، نتھیا گلی، کالا باغ، باڑیاں، چھانگلہ گلی اور دیگر علاقوں کے علاوہ ایبٹ آباد سے نتھیا گلی اور گلیات کے مختلف روٹس پر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود کرایوں میں کوئی خاطر خواہ کمی نہیں کی گئی۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ بعض روٹس پر ٹرانسپورٹرز مقررہ نرخوں سے **100** روپے یا اس سے بھی زائد کرایہ وصول کر رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ٹرانسپورٹرز پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک منتقل کرنے کے بجائے ناجائز منافع خوری میں مصروف ہیں، جبکہ ضلعی اور تحصیل انتظامیہ اس صورتحال پر مکمل خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہریوں اور مسافروں نے اس عمل کو کھلی استحصال قرار دیتے ہوئے شدید احتجاج کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں کا ازسرنو تعین کر کے فوری طور پر کمی کی جائے۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (**RTA**)، ایس ایس پی ٹریفک ایبٹ آباد اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سرکاری کرایہ نامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے

بقیہ 20

آنا ہوگا ہم نے مانسہرہ کی خوبصورتی کیلئے تمام چوکوں چوراہوں کو خوبصورت بنانے کیلیے فیری بلٹی بنائی ہے جس پر بہت جلد کام شروع ہو جائے گا فراست خان نے لوکل گورنمنٹ کی طرف سے آئے ہوئے نوٹیفکیشن کے حوالے سے دونوں مشران سبزی منڈی سے کہا کہ اس کے مطابق آپ کو ٹیکس دینا پڑے گا راجہ نثار اور حاجی محمد ریاض نے کہا کہ ہماری سبزی منڈی کا ٹیکس نظام صاف اور شفاف ہے ہم ٹی ایم اے کو ہر قسم ٹیکس اور لائسنس کی مد میں خطیر رقم دیتے ہیں لیکن ہمیں ٹی ایم اے کی طرف سے کوئی فیسلیٹی فراہم نہیں کی گئی صفائی ستھرائی کا کام ہماری انتظامیہ خود کرتی ہے ہم سبزی منڈی کا کچرا اپنی مدد آپ کے تحت اٹھاتے ہیں جبکہ یہ ٹی ایم اے کے فرائض میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ اگر ٹی ایم اے ہمیں جملہ مراعات فراہم کریں تو ہم ان کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہیں **TMO** فراست خان نے کہا کہ آپ آئیں تاکہ مل بیٹھ کر تمام مسائل کا حل تلاش کریں اور مانسہرہ کی ترقی میں اپنا اپنا حصہ ڈالیں فراست خان نے کہا منڈی کے کچرے کیلیے ہم نے ایک بڑے کچرا اٹھانے کیلیے ڈمپر کی ڈیمانڈ کی ہے جیسے یہ آئے گا آپ کو دیا جائے گا تاکہ بروقت کچرا اٹھکانے لگایا جا سکے حاجی راجہ محمد نثار اور حاجی قاری محمد ریاض نے ٹی ایم او مانسہرہ فراست خان کے مانسہرہ میں جاری آپریشن پر ان کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس ملاقات میں سینئر صحافی حاجی رستم خان بلہ بھی موجود تھے

بقیہ 21

فراہم کی جا میں۔ مزید برآں روڈ سائڈ پر غیر قانونی پارکنگ، جوئر ٹیفک جام اور عوامی مشکلات کا باعث بنتی ہے، کے خاتمے کے لیے خصوصی ہدایات دی گئیں۔ ایس پی ٹریفک نے واضح کیا کہ کسی بھی مقام پر روڈ سائڈ پر غیر قانونی پارکنگ کی اجازت نہ دی جائے اور ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بلا تعطل اور محفوظ سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 22

جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈی پی او ہری پور نے کہا کہ صنعت کار ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور صنعتی ترقی، روزگار کے مواقع اور قومی خوشحالی میں ان کا کردار نہایت اہم ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کے وژن پر حطار میں پولیس سہولت مرکز کے قیام کا مقصد صنعت کاروں، فیکٹری ملازمین اور مقامی شہریوں کو ان کی دہلیز پر شہادت پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا کو جاری اپنے ایک تعزیتی بیان میں حاجی ذرخان چدون کا کہنا تھا کہ ملک کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج کے بہادر افسران اور جوان پوری قوم کا فخر ہیں۔ وطنِ عزیز کے دفاع اور سلامتی کے لیے دی جانے والی ان کی یہ عظیم قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ناگہانی حادثے اور عظیم نقصان پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے، اور وہ دکھ کی اس گھڑی میں شہدا کے سوگوار خاندانوں اور پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

بقیہ 13

احمد کے ساتھ ایک شام کے عنوان سے ایک شاندار ادبی وشعری نشست کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں شہر بھر سے شعرا، ادبا، اساتذہ، طلبہ اور ادب دوست شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شعروادب سے اپنی وابستگی کا بھرپور اظہار کیا۔ تقریب کی صدارت صدر بزم علم وفن واحد سراج نے کی جبکہ معروف شاعر مرحوم غلام محمد قاصر کے صاحبزادے عمار قاصر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ عمار قاصر نے اپنے والد غلام محمد قاصر کا منتخب کلام پیش کیا جسے حاضرین نے بے حد پسند کیا اور بھرپور داد دی۔ انہوں نے اپنے والد کی ادبی خدمات اور شعری ورثے پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ ادب اور شاعری معاشرے میں مثبت فکر، شعور اور انسانی اقدار کے فروغ کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ تقریب کے دوران مہمانِ اعزاز خاور احمد نے اپنا کلام پیش کرتے ہوئے محبت، انسان دوستی، سماجی رویوں اور عصرِ حاضر کے مسائل کو نہایت خوبصورت انداز میں اشعار کا موضوع بنایا۔ ان کی شاعری کو حاضرین نے بے حد سراہا اور متعدد اشعار پر داد وتحسین سے محفل کو گرما دیا۔ مشاعرے میں ایبٹ آباد کے معروف شعرا امتیاز الحق امتیاز، ڈاکٹر ضیا الرشید، ڈاکٹر اخلاق احمد اعوان، احمد ریاض، واحد سراج، امین صادق، سہیل صمیم، امان اللہ خان امان اور ضیا شاہد نے بھی اپنا کلام پیش کیا۔ شعرا نے زندگی، محبت، وطن دوستی، انسانی احساسات اور معاشرتی موضوعات پر مبنی اپنی تخلیقات کے ذریعے سامعین کو مسحور کیے رکھا۔ صدر تقریب واحد سراج نے اپنے خطاب میں بزم علم وفن کی ادبی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ تنظیم ادب، ثقافت اور تخلیقی اظہار کے فروغ کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی ادبی محافل نہ صرف اہلِ قلم کو اظہار کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ نوجوان نسل کو ادب اور مطالعے کی طرف راغب کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے محفل میں شریک مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 14

جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر اور صدر پارلیمانی وسیاسی امور کمیٹی لیاقت بلوچ نے کی۔ اجلاس میں امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرزاق عباسی، جنرل سیکرٹری جاوید اختر، سیاسی وانتخابی شعبہ جات کے ذمہ داران، ہزارہ بھر کے اضلاع کے امراے جماعت اسلامی، ضلعی سیاسی و انتخابی کمیٹیوں کے سربراہان اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہزارہ کی مجموعی سیاسی صورتحال، جماعت اسلامی کی تنظیمی و سیاسی سرگرمیوں، عوامی مسائل، بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں اور سیاسی وانتخابی امور کے مختلف پہلوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے جماعت کی موجودہ سیاسی وتنظیمی قوت، عوامی رابطہ مہم اور آئندہ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تیاریوں پر سیر حاصل گفتگو کی۔ مرکزی نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے اپنے خطاب میں حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلدیاتی انتخابات ہر صورت بروقت اور شفاف انداز میں منعقد کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں پر کرائے جائیں تاکہ حقیقی سیاسی نمائندگی کو فروغ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ منتخب بلدیاتی اداروں کو مکمل آئینی و انتظامی اختیارات اور درکار مالی وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ مقامی حکومتوں کا نظام مؤثر انداز میں چل سکے اور عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل ہوں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے، بروقت انتخابات کے انعقاد اور مقامی حکومتوں کے استحکام کے لیے بھرپور جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ جماعت اسلامی ان مطالبات کے حق میں ملک گیر تحریک چلائے گی اور حکومت

حویلیاں کی معروف مزدور شخصیت الطاف بھٹی کا نماز جنازہ ادا کیا جارہا ہے

آئندہ بلدیاتی انتخابات میں وحید انجم کو کامیاب کرایا جائے گا، عمائدین

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آئندہ بلدیاتی انتخابات میں تحصیل تناول سے وحید انجم خان کو بھرپور طریقہ سے کامیاب کرایا جائے گا عمائدین تحصیل تناول کے وفد نے کہا ہے کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بانی تحصیل تناول وحید انجم خان کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1 4)

انجینئر سمیع اللہ جان ڈائریکٹر جنرل مسائل اینڈ واٹر کنزرویشن کے پی کے تعینات

سابق ڈسٹرکٹ آفیسر مسائل اینڈ واٹر کنزرویشن مانسہرہ گریڈ بیس میں ترقی پا گئے

ایبٹ آباد (ڈویژنل کرائمز رپورٹر) سابق ڈسٹرکٹ آفیسر مسائل اینڈ واٹر کنزرویشن مانسہرہ انجینئر سمیع اللہ جان کو گریڈ بیس میں ترقی دے کر ڈائریکٹر جنرل مسائل اینڈ واٹر کنزرویشن صوبہ خیبر پختونخواہ بنا دیا گیا افسر موصوف صوبہ بھر میں خدمات سرانجام دے چکے ہیں اپنی قابلیت نے محکمہ کو اپ گریڈ کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے مانسہرہ میں تعیناتی کے دوران وہ عوام دوست افسر کے طور پر جانے جاتے تھے ان کا شمار میڈیا دوست افراد میں ہوتا ہے ان کی بحیثیت صوبائی سربراہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 4)

موجودہ حکومت نے عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم کر رکھا ہے

مانسہرہ (خبر نگار) موجودہ حکومت نے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر کے زندہ درگور کر دیا ہے تجربہ کار ٹیم نے گیس بجلی کا روبار سی این جی بند کر کے عوام کو زندہ درگور کر دیا ہے پاکستان کی 78 سالہ تاریخ میں عوام نے مارشل لاء دور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 0 4)

ریڑھی بان ایسوسی ایشن حویلیاں کے صدر الطاف بھٹی انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ خطیب مرکزی جامع مسجد مفتی ڈاکٹر قاسم الہاشمی نے پڑھائی

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں کی معروف شخصیت پاکستان پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن ریڑھی بان ایسوسی ایشن حویلیاں کے صدر الطاف بھٹی گزشتہ روز حویلیاں میں انتقال کر گئے جنکی نماز جنازہ گزشتہ روز حویلیاں سیالی گراونڈ میں خطیب مرکزی جامع مسجد حویلیاں مفتی ڈاکٹر قاسم الہاشمی نے ادا کروائی نماز جنازہ میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی سردار اورنگزیب نلوٹھہ، سابق امیدوار تحصیل چیئرمین حویلیاں ملک طلحہ آصف، لیگی رہنما اشفاق مغل، شیخ نثار، ایاز بٹ، صوفی صلاح الدین تاجر برادری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9 3)

مانسہرہ، شہزادہ خان میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کے آغاز کے موقع پر ٹیموں کا مہمان خصوصی محمد اویس کے ہمراہ گروپ فوٹو

بالاکوٹ میں سیاحت کا شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے

حکومتی عدم توجہی اور انتقامی کارروائیوں کے باعث سیاحت تباہ ہو رہی ہے، ہوٹل مالکان

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) بالاکوٹ میں سیاحت کا شعبہ حکومتی عدم توجہی اور انتقامی کارروائیوں کے باعث تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ ہوٹل مالکان نے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول مانسہرہ کی جانب سے بھیجے گئے 'فائنل نوٹسز' کو مسترد کرتے ہوئے اسے ہوٹل انڈسٹری کو مکمل طور پر ختم کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش قرار دیا ہے۔ ہوٹل مالکان کا کہنا ہے کہ "ہمارا پورا کاروبار چند ماہ کے قلیل سیزن پر منحصر ہوتا ہے۔ گزشتہ دو سیزن سے مہانڈری پل کی بندش اور اس سیزن بابوسر ٹاپ روڈ کی طویل بندش نے سیاحوں کو وادی کاغان کا رخ کرنے سے روک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8 3)

اے اے سی ایبٹ آباد دوتار دھمتوڑ میں مختلف اسٹون کرشنگ پلانٹس کے دورے کے دوران کارروائی عمل میں لا رہے ہیں

فی کس قرض میں گزشتہ مالی سال کے دوران نمایاں اضافہ ریکارڈ

ہری پور (چیف رپورٹر) فی کس قرض میں گزشتہ مالی سال کے دوران نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد ہر پاکستانی شہری پر اوسط قرض 3 لاکھ 33 ہزار 41 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ وزارت خزانہ کی تازہ رپورٹ کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7 3)

پھلڑہ ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

دوتار دھمتوڑ میں اسٹون کرشنگ پلانٹس کے خلاف کارروائی کی سفارش

بلاسٹنگ سرگرمیوں جیسے امور سامنے آئے، ماحولیاتی آلودگی کا باعث ہیں، کارروائی ضروری ہے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد افراسیاب زبیر ہندل نے انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی (EPA)، انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ اداروں کے ہمراہ دوتار دھمتوڑ کے علاقے میں قائم مختلف اسٹون کرشنگ پلانٹس کا مشترکہ معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران متعدد سنگین ماحولیاتی و انتظامی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی۔ معائنہ رپورٹ کے مطابق بعض پلانٹس میں غیر مجاز بلاسٹنگ، کان کنی کے ویسٹ (خاکہ) کو آبی گزرگاہوں میں پھینکنے، مؤثر ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کی عدم موجودگی، گرد و غبار (ڈسٹ) کو کنٹرول کرنے کے ناکافی انتظامات اور رہائشی آبادی کے قریب خطرناک بلاسٹنگ سرگرمیوں جیسے امور سامنے آئے، جو نہ صرف ماحولیاتی آلودگی کا باعث ہیں بلکہ مقامی آبادی کی جان و مال کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ ان خلاف ورزیوں کے پیش نظر متعلقہ اداروں نے کرشنگ پلانٹس کے خلاف قانونی کارروائی، غیر قانونی بلاسٹنگ کی فوری روک تھام، ویسٹ ڈسپوزل اور ڈسٹ کنٹرول سسٹمز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 4)

سلیمان پریس کلب مانسہرہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اندھے قتل مقدمات میں ابتدائی ایف آئی آر درج کی جاتی ہے

عموماً ابتدائی ایف آئی آر نامعلوم پر ہوتی، پولیس ٹریس کر کے ملزمان نامزد کرتی ہے، قانونی ماہرین

پھلڑہ (نمائندہ شمال) اندھے قتل (Blind Murder) کے مقدمات میں عموما ابتدائی ایف آئی آر نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کی جاتی ہے، جس کے بعد پولیس تفتیش کے دوران شواہد کی بنیاد پر ملزمان کو ٹریس کر کے نامزد کرتی ہے۔ تاہم قانونی ماہرین کے مطابق ایسے مقدمات میں اگر چند بنیادی قانونی تقاضے پورے نہ کیے جائیں تو ملزمان کو نہ صرف ضمانت مل جاتی ہے بلکہ ٹرائل کے بعد باعزت بری ہونے کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ قانونی ماہرین کے مطابق ایف آئی آر اور بعد ازاں استغاثہ میں درج ذیل تین بنیادی عناصر کا ہونا انتہائی ضروری ہے اول، ملزم کی واضح (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 5)

انسان کائنات کو تباہ کرنے کا بڑا آلہ کار ثابت ہوا ہے، مقررین

اگر کرہ ارض کو اسی حال پر چھوڑا گیا تو آئندہ چند سالوں میں مخلوقات کی تباہی ہو جائے گی

بٹگرام (نمائندہ شمال) اگر کرہ ارض کو اسی حال پر چھوڑا گیا تو آئندہ چند سالوں میں مخلوقات کی تباہی ہو جائے گی "انسان کائنات کو تباہ کرنے کا بڑا الہ کار ثابت ہوا ہے یوم ارض پر تقریبات گزشتہ روز "اینٹی پولوشن انوائرمنٹ پروٹیکشن سوسائٹی "کے زیر اہتمام ایک سیمینار کا اہتمام Warld Environment "day" کی حوالے کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر کے "اشخاص نے اپنے بیپر پڑھے "سوسائٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر "چیئرمین "اکرام اللہ خان "نے کہا کہ ماحولیات" کی Boundary نہیں ہوتی ہے اگر پاکستان کا ماحول خراب ہوگا تو پوری دنیا متاثر ہوگی اس اہم مسئلے پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 6)

ایبٹ آباد دنیا سویرا کے زیر اہتمام سفید موتیا کے مریضوں کے فری لیزر آپریشن اور لینز لگوائے جا رہے ہیں

سفید موتیا کے مریضوں کے فری لیزر آپریشن اور لینز لگوا دیئے گئے

امراض چشم کے مریضوں کو ٹرانسپورٹ کی سہولت بھی مفت فراہم کی گئی، جاوید ساگر

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) نیا سویرا کے زیر اہتمام سفید موتیا کے مریضوں کے فری لیزر آپریشن اور لینز لگوا دیئے گئے مستحقین نے ڈاکٹر اظہر جدون اور جاوید ساگر کی فلاحی خدمات کو ناقابل فراموش قرار دیا ہے امراض چشم کے مریضوں کو ٹرانسپورٹ کی سہولت بھی مفت فراہم کی گئی نیا سویرا ویلفیئر آرگنائزیشن ایبٹ آباد کے کوآرڈینیٹر جاوید ساگر نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ آج 10 جون بروز بدھ ایبٹ آباد کے مسیحی اور مسلم برادری کے امراض چشم کے مستحق افراد کے لیزر آپریشنز بمعہ لینسز اور ادویات بھی مہیا کر دی گئی ہیں اور کہا کہ معروف سماجی سیاسی شخصیت ڈاکٹر اظہر جدون کی زیر سرپرستی نیا سویرا ویلفیئر آرگنائزیشن غریب ضرورت مند افراد کو تعلیم و (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1 5)

رجب عباسی کی ہومیو ڈاکٹرز مسائل اسمبلی فورم پر اٹھانے کی یقین دہانی

ہزارہ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود اختر تنولی کی ایم پی اے سے ملاقات ہوئی

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) خیبر پختونخوا میں حکومت کی قانون سازی سے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کو درپیش مسائل پر ہزارہ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود اختر تنولی کہ ایم پی اے رجب علی عباسی سے اہم ملاقات ،ایم پی اے نے مسائل کو صوبائی اسمبلی میں اٹھانے اور صوبائی وزیر صحت سے حل کروانے کی یقین دہانی کرائی ہے ۔صدر ہزارہ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن ڈاکٹر مسعود اختر تنولی نے ایم پی اے کو بتایا کہ صوبہ پنجاب میں ہومیو ڈاکٹرز کو سرکاری طور پر جو سہولیات میسر ہیں اس سے کم نہ ہو تو مساوی کی جائے ۔ڈاکٹرز کو کلینک کی رجسٹریشن، لائسنس فیسوں میں اضافہ پر تشویش ہے ۔انہوں نے ایم پی اے کو بتایا کہ ہومیو پیتھک طریقہ علاج عوام کو کم خرچ میں یقینی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 5)



ڈپٹی کمشنر محمد شعیب کا ڈی ایچ کیو ہسپتال بٹگرام کا دورہ

مختلف شعبہ جات کا معائنہ، طبعی سہولیات کا تفصیلی جائزہ، مریضوں سے ملاقات کی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر بٹگرام محمد شعیب نیاز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال بٹگرام کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈی ایم ایس نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، دستیاب ادویات، عملے کی حاضری اور مجموعی انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی، او پی ڈی، وارڈز، نرسری، لیبارٹری، ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد شعیب نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ شہریوں کو بہتر طبی خدمات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کرنا طبی عملے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عوام کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور ہسپتال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

ایبٹ آباد، ایم پی اے رجب علی عباسی کو ڈاکٹر مسعود اختر تنولی مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

ایبٹ آباد، غیر معیاری دودھ کی فروخت کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائی

دودھ فروخت کرنے والے مراکز کی انسپکشن کرتے ہوئے نمونے حاصل کیے، جن کا لیبارٹری تجزیہ مکمل کر لیا گیا

ایبٹ آباد: ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کی ہدایات پر شہریوں کو خالص اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے حلال فوڈ اتھارٹی نے شہر بھر میں دودھ فروخت کرنے والے مراکز کی انسپکشن کرتے ہوئے نمونے حاصل کیے، جن کا لیبارٹری تجزیہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ لیبارٹری رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر 22 دودھ کے نمونوں کی جانچ کی گئی، جن میں سے 14 نمونے مقررہ معیار پر پورا اترے جبکہ 8 نمونے غیر معیاری قرار پائے۔ غیر معیاری نمونوں میں زیادہ تر پاؤڈر ملا دودھ پایا گیا، جبکہ بعض نمونوں میں فیٹ اور ڈینسٹی کا تناسب بھی غیر متوازن پایا گیا، جو انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ غیر معیاری دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے 8 دکانوں کو سیل کر دیا گیا جبکہ دیگر کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ لیب رپورٹ کے مطابق جن دکانوں کے دودھ کے نمونے غیر معیاری قرار پائے ان میں فارمن ملک شاپ (فوارہ چوک)، کراچی ملک شاپ، جناح ملک شاپ، پاکستان ڈیری، سپر شاندار کراچی ملک شاپ، کراچی ملک شاپ (دیگر مقام)، اجلال دودھ گھر اور الحفیظ ملتان ملک شاپ شامل ہیں، جہاں مختلف اقسام کی ملاوٹ اور معیار میں خرابی پائی گئی۔ جبکہ جن دکانوں کے نمونے معیار کے مطابق پائے گئے ان میں کراچی ملک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9 4)

پھلڑہ ایم پی اے زاہد چن زیب کا دورہ خیل ترپی وحید انجم خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد میں اساتذہ کے ٹیکس مسائل کے حوالے سے اہم ملاقات

خیبر پختونخوا کامرس کالج ٹیچرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے کامران مرتضیٰ سے ملاقات کی

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اساتذہ کے ٹیکس مسائل کے حوالے سے اہم ملاقات خیبر پختونخوا کامرس کالج ٹیچرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر حافظ محمد شفیق الرحمان عباسی نے آج پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹر کامران مرتضی (سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان) سے ملاقات کی۔ ملاقات میں اساتذہ، لیکچررز اور پروفیسرز کو درپیش ٹیکس سے متعلق مسائل اور ان کے ممکنہ حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر حافظ محمد شفیق الرحمان عباسی نے اساتذہ برادری کے تحفظات اور مطالبات مختلف پارلیمانی و حکومتی شخصیات تک پہنچائے، جن میں وفاقی وزیر خزانہ، وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی نوابزادہ خالد حسین مگسی، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، سینیٹر پولین بلوچ اور پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر خان شامل ہیں۔ اساتذہ برادری کی جانب سے وزیر اعظم پاکستان سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اساتذہ، لیکچررز اور پروفیسرز کو درپیش ٹیکس کے مسائل کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے مناسب ریلیف فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ اس موقع پر اس امید کا اظہار کیا گیا کہ وزارت خزانہ اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

ٹرانس فیٹی ایسڈز خاتمہ حوالے سے قومی آگاہی و تشہیری سیمینار کا انعقاد

انعقاد خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی (KPFS&HFA) اور نیوٹریشن انٹرنیشنل نے کیا

ایبٹ آباد (شمال نیوز) پاکستان صنعتی طور پر پیدا ہونے والے ٹرانس فیٹی ایسڈز (iTFA) کے خاتمے کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی قومی آگاہی و تشہیری سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کا مشترکہ انعقاد خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی (KPFS&HFA) اور نیوٹریشن انٹرنیشنل نے کیا۔ سیمینار میں پالیسی سازوں، صنعتی رہنماں، محققین، جامعات کے نمائندوں اور ترقیاتی شراکت داروں نے شرکت کی۔ سیمینار میں خوردنی تیل کی صنعت سے وابستہ 12 سے زائد اداروں کے نمائندوں نے بالمشافہ اور آن لائن شرکت کی، جبکہ مختلف صوبائی فوڈ اتھارٹیز، صحتِ عامہ کے ماہرین اور ملک بھر سے محققین بھی شریک ہوئے تقریب کے مہمانِ خصوصی عامر حسن ڈائریکٹر ایڈمن، خیبر پختونخوا نے خطاب کرتے ہوئے صنعتی ٹرانس فیٹس سے پیدا ہونے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 5)

ٹیلی کام سیکٹر کے لیے ٹیکسز میں کمی

سفارشات تیار کر لیں

ہری پور (نمائندہ خصوصی) وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) نے ملک کے کروڑوں موبائل صارفین اور ٹیلی کام سیکٹر کے لیے ٹیکسز میں کمی سفارشات تیار کر لیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

ایس ایچ او نواں شہر کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

جرائم پیشہ افراد رگڑے میں آ گئے متعدد منشیات فروشوں کی بھی گرفتاریاں متوقع ہیں

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ایبٹ آباد ایس ایچ او نواں شہر کیڈٹ قمر شہزاد کا سماج عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بھرپور جاری جرائم پیشہ افراد رگڑے میں آ گئے متعدد منشیات فروشوں کی بھی گرفتاریاں متوقع ایس ایچ او نواں شہر کیڈٹ قمر شہزاد نے نامی گرامی منشیات فروشوں کو بھی نکیل ڈال کر قانون کے کٹہرے میں لا کر کھڑا کرنے کا فیصلہ کر لیا عوامی حلقوں نے ایس ایچ او کیڈٹ قمر شہزاد کو بہترین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ خان گنڈاپور ہطار انڈسٹریل اسٹیٹ کے چیئرمین ملک عاشق اعوان، دیگر سے ملاقات

جبوڑی بازار میں تاجروں نے عوام کو لوٹنا شروع کر دیا

جبوڑی (نمائندہ خصوصی) سرن ویلی کے مرکزی بازار جبوڑی میں تاجران نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے ایک تو ہر چیز دو نمبر اور پھر اس کے پیسے ایک نمبر کے وصول کئے جاتے ہیں ہر چیز ملاوٹ شدہ فروخت ہو رہی ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

ایبٹ آباد، ماڈرن ایج میں منعقدہ ادبی نشست میں ممتاز شاہر خاور احمد، واحد سراج اور دیگر شرکاء شریک ہیں

سالانہ عرس مبارک آج سے خانقاہ محبوب آباد شریف میں شروع ہوگا

اندرون ملک اور بیرون ملک سے علما اکرام مشائخ عظام نعت خواں اور قرا شرکت کریں گے

ہرپور (نمائندہ شمال) پیر سید محبوب علی شاہ سہروردی چشتی نظامی کا 89واں سالانہ عرس مبارک آج سے خانقاہ محبوب آباد شریف میں شروع ہوگا عرس کی تیاریاں مکمل کر لی گی ہیں عرس میں اندرون ملک اور بیرون ملک سے علما اکرام مشائخ عظام نعت خواں اور قرا شرکت کریں گے تفصیل کے مطابق خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں میں زبد الکاملین، قدو السالکین، سلطان الزاہدین، آیتِ ولایت الحق، امام العارفین اور سند المحدثین حضرت پیر سید محبوب علی شاہ سہروردی چشتی نظامی کے 89ویں سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ روحانی و تربیتی تقریبات 12، 13 اور 14 جون 2026 کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

پہلا سمسٹر امتحان پندرہ جون سے شروع ہوگا، پرنسپل محمد اسلم

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پہلا سمسٹر امتحان پندرہ جون سے شروع ہوگا جو کہ سالانہ امتحان کا حصہ ہے امتحان مکمل طور پر شفاف طریقہ سے لیا جائے، پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ محمد اسلم تنولی نے سٹاف میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلاس ششم، ہفتم اور ہشتم فرسٹ سمسٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

اختر نواز اور ڈاکٹر محمد صدیق کی نوابزادہ صلاح الدین سے ملاقات

علاقے کی ترقی، عوامی مسائل اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اوگی (نامہ نگار) اختر نواز اور ڈاکٹر محمد صدیق کی نوابزادہ صلاح الدین سے ملاقات، عوامی مسائل پر تبادلہ خیال اوگی اختر نواز اور ڈاکٹر محمد صدیق نے اے سی آفس اوگی میں نوابزادہ صلاح الدین سے ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں علاقے کی ترقی، عوامی مسائل اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران شرکا نے عوام کو درپیش مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں اور علاقائی بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)